تبصرۂ کتب



تبصرہ کیلئے ہر کتاب کے دو نسخے آنے چاہئیں

صیانۃ الحدیث (حصہ اوّل)

از مولانا عبدالرؤف رحمانی جھنڈانگری، صفحات ۳۲۰

کتابت وطباعت عمدہ۔ قیمت ۳/۵۰ روپے۔ ملنے کا پتہ:- مولانا عبدالرؤف معرفت قاضی تبارک اللہ۔ ڈاک خانہ رام دت گنج ضلع بستی (یو۔پی)۔ بدقسمتی سے اس زمانہ میں دیگر فتنوں کی طرح منکرین حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فتنہ بھی پورے عروج پر ہے اور تصنیف وتالیف کی راہ سے مسلمانوں میں حجیت حدیث تدوین اور ترتیب حدیث کے بارہ میں مختلف شکوک وشبہات پھیلائے جارہے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ ہر زمانہ میں الحاد وزندقہ کی ایسی ہر تحریک اور فتنہ کی علمی اور تحقیقی تردید کے لئے علمائے حق سے حفاظت دین کا کام لیتا رہا اور باطل نظریات کا "شر" ٹھوس علمی، مفید ابحاث اور تحقیقات کا محرک بنا اور ملی ودینی حمیّت سے بھرپور مفید کتابیں منظر عام پر آئیں۔ پیش نظر کتاب بھی فتنۂ انکار حدیث پر ایک کاری ضرب کی حیثیت رکھتا ہے۔ فاضل مؤلف نے مشہور منکر حدیث ڈاکٹر غلام جیلانی برق "مؤلف دو اسلام" اور دیگر منکرین حدیث کے شبہات اور شکوک کا تاریخی اور علمی جواب دیا ہے اور کتابت و حفاظت حدیث کے مختلف ادوار، کتاب وسنت اور صحابۂ کرامؓ کی نگاہ میں حدیث رسولؐ کے مقام ومرتبت پر روشنی ڈالی ہے۔ ضمنی مباحث میں ایک جگہ صحابۂ کرام کے عدولیت پر بھی مفید اور ایمان پرور بحث آگئی ہے۔ انداز بیان سنجیدہ اور تحقیقی ہے۔ پیش نظر جلد صحابہ کرام کے جمع وتدوین اور حفظ وصیانت حدیث کے مساعی پر ختم ہوئی ہے۔

مصنف نے اگلی جلد میں احادیث کے تعلیم وتدریس اور تالیف سے متعلق تابعین تبع تابعین اور محدثین کرام کے مساعی جمیلہ کو زیر بحث لانے کا ارادہ ظاہر کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اس کام کی تکمیل کی توفیق دے۔ کتاب کا مطالعہ نہ صرف منکرین حدیث کی تردید کیلئے بلکہ حدیث اور علوم حدیث سے شغف رکھنے والے علماء وفضلاء اور طلبہ علوم دینیہ کیلئے بھی مفید اور زیادت معلومات کا باعث ہے۔ پاکستانی حضرات مؤلف سے معلومات حاصل کرکے کتاب منگوا سکتے ہیں۔

انوار بردہ شرح قصیدہ بردہ

از پروفیسر فضل احمد عارف ایم۔اے۔ صفحات ۲۲۸۔ قیمت تین روپے مجلد گردپوش۔ پتہ:- علمی کتب خانہ۔ اردو بازار لاہور۔

پیش نظر کتاب شیخ ابوعلی شرف الدین محمد بن سعید البوصیریؒ رحمۃ اللہ علیہ کے شہرہ آفاق عاشقانہ اور والہانہ عربی